# الیکشن کمیٹی ضمنی حلقوں کےعام انتخابات کا خلاصہ

## الیکشن کمیٹی ضمنی حلقوں کےانتخابات

نیشنل پیپلز کانگریس ("NPC") نے 11 مارچ 2021 کو ہانگ کانگ خصوصی انتظامی خطہ ("فیصلہ") کے انتخابی نظام کی بہتری کے بارے میں فیصلہ پاس کیا اور NPC کی قائمہ کمیٹی("NPCSC") کو ہانگ کانگ خصوصی انتظامی خطہ کے چیف ایگزیکٹو کے انتخاب کے لیے طریقہ کار سے متعلق بیسک لاء کے ضمیمہ اوّل میں اور HKSAR کی قانون ساز کونسل کی تشکیل کے لیے طریقہ کار اوراس کی ووٹنگ کے طریقہ کار سے متعلق بیسک لاء کے ضمیمہ دوم میں ترمیم کا اختیار دیا ہے - NPCSC نے 30 مارچ 2021 کو بیسک لاء میں ترمیم شدہ ضمیمہ اوّل اور ضمیمہ دوم کو اپنایا۔ HKSAR کی حکومت نے 14 اپریل 2021 کو قانون ساز کونسل ("LegCo") میں بہتر انتخابی نظام (متحد کردہ ترامیم) کا بل 2021 ("بل") متعارف کرایا ، جسے 27 مئی 2021 کو LegCo نے منظور کیا۔ بہتر انتخابی نظام(مستحکم ترامیم) آرڈیننس 2021 گزٹ میں شائع ہوا تھا اور 31 مئی 2021 کو نافذ ہوا۔

بیسک لاء کے ضمیمہ اوّل اور ضمیمہ دوم کے مطابق ، انتخابی کمیٹی ("EC") جو 1500 ممبران پر مشتمل ہے جو ہانگ کانگ کے مستقل رہائشی ہونے چاہییں ، چیف ایگزیکٹو اور LegCo کے کچھ ممبران کے انتخاب کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔ EC ، اورLegCo کےانتخابات اور CE کے امیدواروں کو نامزد کرنے کے لیے بھی ذمہ دار ہوگا۔

EC کے پاس پانچ حلقے ہیں ، ہر ایک متعدد ضمنی حلقوں (کل 40 ضمنی حلقوں) پر مشتمل ہیں۔

EC کے ممبروں کو منتخب کرنے کے تین طریقے ہیں ، جیسے۔ بہ حیثیت عہدہ رکنیت ، مخصوص ضمنی حلقوں کے نامزد اداروں کے ذریعہ نامزدگی اور ضمنی حلقوں کی مندرج کارپوریٹ یا انفرادی ووٹروں کے ذریعہ انتخاب۔ 40 ضمنی حلقوں میں سے NPC میں HKSAR کے نائبین ، چینی عوام کی سیاسی مشاورتی کانفرنس کی قومی کمیٹی("CPPCC")کے HKSAR کے ممبران، NPC قائمہ کمیٹی کے تحت HKSAR کے بیسک لاء کی کمیٹی کے ہانگ کانگ کے ممبران، LegCo کے ممبران، وائس چانسلر یا یونیورسٹیوں کے صدور یا بورڈ آف گورنر کے چیئرپرسن یا یونیورسٹیوں کی کونسل ، اور کچھ مخصوص قانون ساز اداروں ، اہم مشاورتی کمیٹیوں اور مخصوص ضمنی تنظیموں میں متعلقہ تنظیموں کے انچارج افراد بہ حیثیت عہدہ ممبران ہوں گے۔ مذہبی ضمنی حلقوں کے تمام ممبران اور مین لینڈ کے ضمنی حلقہ میں ہانگ کانگ کے رہائشیوں کی انجمنوں کے نمائندگان ،ٹیکنالوجی اور جدت (ٹیکنولوجی اینڈ انوویشن)ضمنی حلقے ، اکاؤنٹنسی ضمنی حلقے ، قانونی( لیگل) ضمنی حلقے ، کھیل ، پرفارمنگ آرٹس ، ثقافت اور اشاعت ( سپورٹس ، پرفورمِنگ آرٹس ، کلچر اینڈ پبلی کیشن)ضمنی حلقے، اور چینی طب ضمنی حلقے کے مخصوص ممبران کو مخصوص ضمنی حلقوں کے عہدے کے لیے نامزد کردہ اداروں کے ذریعے نامزد کیا جائے گا۔ EC کے باقی ممبران کا انتخاب مندرج منظم جماعت (رجسٹرڈ کارپوریٹ) یا ضمنی حلقوں کے انفرادی ووٹروں کے ذریعہ کیا جائے گا۔

EC کی نئی میعاد کے لیے زیادہ سے زیادہ 982 نشستیں ضمنی حلقوں کے عام انتخابات کے ذریعے سے منتخب کی جائیں گی ، 156 نشستیں مخصوص ضمنی حلقوں کے نامزد کردہ اداروں کی نامزدگی کے ذریعے سے منتخب کی جائیں گی ، جبکہ کم از کم 362 نشستیں بہ حیثیت عہدہ ممبران کی ہوں گی

نئی تشکیل شدہ EC ، (چیف ایگزیکٹو) CE کی نئی مدت (5 سالہ) کا انتخاب کرے گی۔ اگر CE کےعہدہ کی مدت کے دوران کوئی خالی جگہ پیدا ہوتی ہے تو ، خدمت انجام دینے والی EC نئے CE کے انتخاب کی ذمہ دار ہوگی - اگر CE کے عہدے میں خالی جگہ پیدا ہونے کے بعد 6 ماہ کے اندر نئی مدت (5سالہ) کے CE کے لیے انتخابات ہونے ہوں تو ،

ضمنی انتخاب کرانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ کسی کو CE منتخب کرنے کے لیے ضمنی انتخاب ہونے سے پہلے ،اگر EC کے ممبران میں خالی آسامیاں موجود ہوں تو EC کی رکنیت کی تجدید کے لیے ضمنی حلقوں کےضمنی انتخاب اور / یا ضمنی نامزدگی کا انعقاد کیا جائے گا۔ تاہم ، اگر EC کی رکنیت کی تازہ کاری CE کومنتخب کرنے کے لیے ضمنی انتخاب ہونے سے قبل ایک سال کے اندرکی جا چکی ہو توضمنی حلقوں کےضمنی انتخاب اور / یا ضمنی عہدے کے لیے نامزد کردہ نامزدگی کا انعقاد نہیں کیا جائے گا ۔ اگر LegCo کے موجودہ عہدے کی میعاد ختم ہونے والی تاریخ EC کی آئینی تاریخ سے یا EC کے ضمنی حلقے کےضمنی انتخاب کے لیے صوبائی گوشوارے کی اشاعت کی تاریخ سے 12 ماہ سے زیادہ ہے توEC میں خالی اسامیوں کو پُر کرنے کے لیے ، EC کے ضمنی حلقے کےضمنی انتخابات کا انعقاد LegCo کے عام انتخابات سے قبل ہونا چاہیے ۔

## الیکشن کمیٹی کا خلاصہ

- فرائض: چیف ایگزیکٹو ("CE") کے عہدہ کے لیے امیدواروں کو نامزد کرنا اور CE کا انتخاب کرنا؛ قانون ساز کونسل ("LegCo") کے انتخاب کے لیے امیدواروں کو نامزد کرنے اور LegCo کے 40 ممبروں کا انتخاب کرنا
- الیکشن کمیٹی ("EC") کی میعاد: ہر EC کی مدت 5 سال ہے۔ 2021 میں EC کی نئی میعاد کے لیے ، عہدے کی مدت پانچ سال ہوگی اور 22 اکتوبر 2021 کو شروع ہوگی اور 21 اکتوبر 2026 کو ختم ہوگی۔
- EC درج ذیل پانچ حلقوں میں سے 1 500 ممبروں پر مشتمل ہے –
  (i) صنعتی ، تجارتی اور مالیاتی حلقے
  (ii) پیشے
  (iii) نچلا طبقہ ، مزدور ، مذہبی اور دیگرحلقے
  (iv) قانون ساز کونسل کے ممبران ، ضلعی تنظیموں اور دیگر تنظیموں کے نمائندے
  (v) ہانگ کانگ کا خصوصی انتظامی خطہ ("HKSAR") کے نیشنل پیپلز کانگریس ("NPC") میں نائبین ، چینی عوام کی سیاسی مشاورتی کانفرنس ("CPPCC") کی قومی کمیٹی کے HKSAR کے ممبران اور ہانگ کانگ کی متعلقہ قومی تنظیموں کے ممبران کے نمائندے۔

## ممبران کے انتخاب اور ضمنی حلقوں کے رائے دہندگان (ووٹر) کے لیے تشکیل ، طریقے

| | ضمنی حلقے | نشستیں | بہ حیثیت عہدہ ممبران کی تعداد | نامزد ہونے والے ممبران کی تعداد | منتخب ہونے والے ممبران کی تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| پہلا ضمنی حلقہ: صنعتی ، تجارتی اور مالیاتی حلقے(300 ممبران) | | | | | |
| 1. | کیٹرنگ | 16 | 0 | 0 | 16 |
| 2. | تجارتی ( اول) | 17 | 0 | 0 | 17 |
| 3. | تجارتی (دوم) | 17 | 0 | 0 | 17 |
| 4. | تجارتی (سوئم) | 17 | 0 | 0 | 17 |
| 5. | ہانگ کانگ کے آجروں کی فیڈریشن (ایمپلائرز فیڈریشن آف ہانگ کانگ) | 15 | 0 | 0 | 15 |
| 6. | مالیات (فائننس) | 17 | 0 | 0 | 17 |
| 7. | مالی خدمات(فائینینشیل سروسز ) | 17 | 0 | 0 | 17 |
| 8. | ہوٹل | 16 | 0 | 0 | 16 |
| 9. | (23) درآمد اور برآمد(امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ) | 17 | 0 | 0 | 17 |
| 10. | صنعتی (انڈسٹریل) (اول) | 17 | 0 | 0 | 17 |
| 11. | صنعتی (انڈسٹریل) (دوم) | 17 | 0 | 0 | 17 |
| 12. | بیمہ (انشورنس) | 17 | 0 | 0 | 17 |
| 13. | جائیداد کی خرید و فروخت اور تعمیرات | 17 | 0 | 0 | 17 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | (ریل اسٹیٹ اینڈ کنسٹرکشن) | | | | |
| 14. | چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار | 15 | 0 | 0 | 15 |
| 15. | کپڑے اور لباس (ٹیکسٹائل اینڈ گارمنٹ) | 17 | 0 | 0 | 17 |
| 16. | سیاحت (ٹورازم) | 17 | 0 | 0 | 17 |
| 17. | نقل و حمل( ٹرانسپورٹ) | 17 | 0 | 0 | 17 |
| 18. | تھوک اور خوردہ فروشی (ہول سیل اینڈ ریٹیل) | 17 | 0 | 0 | 17 |
| **دوسرا حلقہ: پیشے (300 ممبران)** | | | | | |
| 1. | اکاؤنٹنسی | 30 | 0 | 15 | 15 |
| 2. | فنِ تعمیر ، سروے کرنا ، منصوبہ بندی اور زمین کی تزئین کرنا( آرکیٹیکچرل ، سروینگ ، پلیننگ اینڈ لینڈسکیپ) | 30 | 15 | 0 | 15 |
| 3. | چینی طب | 30 | 0 | 15 | 15 |
| 4. | تعلیم (ایجوکیشن ) | 30 | 16 | 0 | 14 |
| 5. | انجینئرنگ | 30 | 15 | 0 | 15 |
| 6. | قانونی (لیگل) | 30 | 6 | 9 | 15 |
| 7. | طب اور صحت کی خدمات (میڈیکل اینڈ ہیلتھ سروسز) | 30 | 15 | 0 | 15 |
| 8. | سماجی بہبود | 30 | 15 | 0 | 15 |
| 9. | کھیل ، پرفارمنگ آرٹس ، ثقافت اور اشاعت ( سپورٹس ، پرفورمِنگ آرٹس ، کلچر اینڈ پبلی کیشن | 30 | 0 | 15 | 15 |
| 10. | ٹیکنالوجی اور جدت | 30 | 0 | 15 | 15 |
| **تیسرا حلقہ: نچلا طبقہ ، مزدور ، مذہبی اور دیگرحلقے(300 ممبران)** | | | | | |
| 1. | زراعت اور ماہی گیری(اگریکلچر اینڈ فشریز) | 60 | 0 | 0 | 60 |
| 2. | چینی ہم وطن شہریوں کی انجمنیں | 60 | 0 | 0 | 60 |
| 3. | نچلے طبقے کی انجمنیں (گراس روٹ ایسوسی ایشنز) | 60 | 0 | 0 | 60 |
| 4. | مزدور(لیبر) | 60 | 0 | 0 | 60 |
| 5. | مذہبی | 60 | 0 | 60 | 0 |
| **چوتھا حلقہ:قانون ساز کونسل کے ممبران ، ضلعی تنظیموں اور دیگر تنظیموں کے نمائندے (300 ممبران)** | | | | | |
| 1. | قانون ساز کونسل کے ممبران | 90 | 90 | 0 | 0 |
| 2. | ہیونگ یی کوک | 27 | 0 | 0 | 27 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3. | مین لینڈ میں ہانگ کانگ کے رہائشیوں کی انجمنوں کے نمائندگان | 27 | 0 | 27 | 0 |
| 4. | علاقہ کمیٹیوں ، ضلعی انسداد جرم کمیٹیوں ، اور ہانگ کانگ اور کالوون کی آتش زدگی سے حفاظت کی ضلعی کمیٹیوں کے ممبران کے نمائندگان | 76 | 0 | 0 | 76 |
| 5. | علاقہ کمیٹیوں ، ضلعی انسداد جرم کمیٹیوں ، اور نیوٹیریٹری کی آتش زدگی سے حفاظت کی ضلعی کمیٹیوں کے ممبران کے نمائندگان | 80 | 0 | 0 | 80 |
| **پانچواں حلقہ: NPC میں HKSAR کے نائبین ، CPPCC کی قومی کمیٹی کے HKSAR کے ممبران اور متعلقہ قومی تنظیموں کے ہانگ کانگ کے ممبران کے نمائندگان (300 ممبران)** | | | | | |
| 1. | NPC میں HKSAR کے نائبین اور CPPCC کی قومی کمیٹی کے HKSAR کےممبران | 190 | 190 | 0 | 0 |
| 2. | ہانگ کانگ کے متعلقہ قومی تنظیموں کے نمائندے | 110 | 0 | 0 | 110 |
| **Total:** | | **1 500** | | | |

تصریحات:

1. NPC کے HKSAR کا نائب یا CPPCC کی قومی کمیٹی کا HKSAR ممبر پانچویں حلقے جس کے ساتھ اس کا کافی واسطہ ہو میں کسی کے علاوہ کسی دوسرے ضمنی حلقوں میں EC کے ممبر کی حیثیت سے اندراج کرنے کا انتخاب کرسکتا ہے ۔ ان صورتوں میں ، بہ حیثیت عہدہ ممبران کی تعداد بڑھا دی جائے گی اور ضمنی انتخاب کے ذریعہ منتخب ہونے والی نشستوں کی تعداد کو بھی اسی کے مطابق کم کیا جائے گا۔' EC کے عہدے کی مدت کے اندر ، بہ حیثیت عہدہ ممبران ، اور ممبران جن کا انتخاب بذریعہ نامزدگی یا انتخابات ہونا ہو کی تعداد میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔
2. EC کے ضمنی حلقوں کا انتخاب مندرج کارپوریٹ (رجسٹرڈ کارپوریٹ) یا انفرادی ووٹر کریں گے۔ جب تک انتخابی قانون میں واضح نہیں کیا جاتا ہے ، ایک انجمن یا انٹرپرائز ایک ضمنی حلقے کے لیے کارپوریٹ ووٹر بن سکتی ہے صرف اگر وہ اس ضمنی حلقے کے لیے متعلقہ قابلیت کے حصول کے بعد کم از کم تین سال سے کام کر رہی ہو۔

## ممبران کو منتخب کرنے کے طریقے

| | طریقہ | نشستیں |
|---|---|---|
| (1) | بہ حیثیت عہدہ ممبران جس کےلیے انتخاب کی ضرورت نہیں ہے<br><br>(بشمول LegCo ممبران NPC، میں HKSAR کے نائبین ، CPPCC کی قومی کمیٹی کے HKSAR کے ممبران ، NPC قائمہ کمیٹی کے تحت HKSAR کے بیسک لاء کی کمیٹی کے ہانگ کانگ کے ممبران ، یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز یا صدور یا بورڈ آف گورنرز کے چیئر پرسن یا یونیورسٹیوں کی کونسل ، اور مخصوص قانون ساز اداروں ، اہم مشاورتی کمیٹیوں اور مخصوص ضمنی حلقوں میں متعلقہ تنظیموں کے انچارج افراد) | 362 |
| (2) | مخصوص ضمنی حلقوں کے اہل اداروں کے ذریعہ نامزدگی<br><br>بشمول مذہبی ضمنی حلقوں کے تمام ممبران اور مین لینڈ کے ضمنی حلقہ میں ہانگ کانگ کے | 156 |

| | | |
|---|---|---|
| | رہائشیوں کی انجمنوں کے نمائندگان ،ٹیکنالوجی اور جدت (ٹیکنولوجی اینڈ انوویشن)ضمنی حلقے ، اکاؤنٹنسی ضمنی حلقے ، قانونی( لیگل) ضمنی حلقے ، کھیل ، پرفارمنگ آرٹس ، ثقافت اور اشاعت ( سپورٹس ، پرفورمِنگ آرٹس ، کلچر اینڈ پبلی کیشن)ضمنی حلقے، اور چینی طب ضمنی حلقے کے مخصوص ممبران ۔ برائے مہربانی نامزد کرنے والی تنظیموں اور نامزد ممبران کی تعداد کے لیے بیسک لاء سے متعلق ضمیمہ اول دیکھیں۔ | |
| (3) | ضمنی حلقوں کے اہل کارپوریٹ یا انفرادی ووٹروں کے ذریعہ الیکشن<br><br>(صرف چار ضمنی حلقوں کے پاس انفرادی ووٹر ہیں ، جیسے :<br>(i) ہیونگ یی کوک ؛<br>(ii) علاقہ کمیٹیوں ، ضلعی انسداد جرم کمیٹیوں ، اور ہانگ کانگ آئی لینڈ اور کالوون کی آتش زدگی سے حفاظت کی ضلعی کمیٹیوں کے ممبران کے نمائندگان؛<br>(iii) علاقہ کمیٹیوں ، ضلعی انسداد جرم کمیٹیوں ، اور نیوٹیریٹری کی ضلعی انسداد جرم کمیٹیوں کے ممبران کے نمائندگان؛ اور<br>(iv)ہانگ کانگ کے متعلقہ قومی تنظیموں کے ممبران کے نمائندے<br><br>دیگر ضمنی حلقوں کا انتخاب کارپوریٹ ووٹروں کے ذریعے کیا جائے گا) | 982^ |
| | **کُل تعداد** | **1 500** |

*^NPC کی قائمہ کمیٹی کے ذریعہ ترمیم شدہ بیسک لاء کے ضمیمہ I کے مطابق ، NPC میں HKSAR کا ایک نائب یا CPPCC کی قومی کمیٹی کا HKSAR کا ممبر کسی دوسرے ضمنی حلقے جس کے ساتھ اس کا خاطر خواہ واسطہ ہو ، کے ساتھ اندراج کرنے کا انتخاب کرسکتا ہے۔ ایسے حالات میں ، مؤخر الزکر کے ضمنی حلقے میں منتخب نشستوں کی تعداد کو اسی کے مطابق کم کیا جائے گا۔*

**<u>بہ حیثیت عہدہ ممبران کا اندراج</u>**

- بہ حیثیت عہدہ ممبران کو انتخابی اندراج آفیسر ("ERO") کے پاس اندراج فارم جمع کروانے کی ضرورت ہے اور ان کے اندراج کی توثیق کا انتخاب امیدوار کی اہلیت کی جائزہ کمیٹی ("CERC") کے ذریعہ کیا جائے گا۔ عام طور پر ، ہر ضمنی حلقے میں مخصوص عہدوں کے حامل (یعنی مخصوص افراد) اس ضمنی حلقے کے بہ حیثیت عہدہ ممبران کے طور پر اندراج کر سکتے ہیں۔ تاہم ، مندرجہ ذیل حالات کے تحت ، مخصوص افراد کسی دوسرے شخص کو نامزد (یعنی نامزد شخص)کرسکتے ہیں جو متعلقہ ادارہ میں کسی عہدہ پر فائز ہے اور اس ضمنی حلقے کے بہ حیثیت عہدہ ممبر کے طور پر اس کا انداراج ہونا ہو:

**(i)** مخصوص شخص بہ حیثیت عہدہ ممبر کے طور پر اندراج کرنے کے لیے نااہل ہے ، بشمول:

- وہ موجودہ جغرافیائی حلقہ انتخاب ("GCs") کے حتمی اندراج ("FR") میں قانون ساز کونسل آرڈیننس (شق 542) کے تحت کسی ووٹر کی حیثیت سے درج نہیں ہے (یا اس نے اندراج کی درخواست نہیں دی ہے) یا GC کے لیے بطور ووٹر اندراج کے لیے نااہل ہے؛ یا
- وہ بنیادی اصول کی شق 48 (5) کے تحت نامزدگی کے بمطابق مقرر کردہ ایک پرنسپل آفیشل ؛ حکومت کا ایک ڈائریکٹوریٹ آفیسر؛ حکومت کا ایک انتظامی افسر؛ حکومت کا ایک انفارمیشن آفیسر۔ پولیس افسر؛ یا کوئی دوسرا سرکاری ملازم ہے جو اپنی سرکاری حیثیت میں مخصوص عہدے پر فائز ہے۔ یا

**(ii)** مخصوص فرد ایک سے زیادہ مخصوص عہدوں پر فائز ہے ، سوائے ضمنی حلقے کے جس کے متبادل انتظام کو پہلے ہی سے قانون میں خصوصی طور پر بیان کیا گیا ہے یا غیرقابلِ اطلاق ضمنی حلقے

- ایک بہ حیثیت عہدہ ممبر یا مخصوص عہدے کا حامل نامزدگی یا انتخاب کے ذریعہ EC ممبر نہیں بن سکتا ہے۔

ایک مخصوص فرد کو EC سے مستعفی سمجھا جائے گا اگر وہ متعلقہ مخصوص عہدے پر مزید فائز نہیں ہے۔
ہر فرد صرف ایک ہی ضمنی حلقے کے بہ حیثیت عہدہ ممبر کے طور پر درج ہوسکتا ہے۔

**نامزدگی کے ذریعے EC ممبروں کو منتخب کرنے کا طریقہ**

- ہر متعلقہ نامزد ادارہ کو متعدد افراد کو نامزد کرنا ہوگا جو EC میں نمائندے کے لیے منتخب ہوئے تھے ۔ نامزد کنندہ کو درج ذیل تقاضے پورے کرنے چاہیں۔

(i) قانون ساز کونسل آرڈیننس (شق542) کے تحت GC کے لیے بطور انتخاب کنندہ رجسٹرڈ ہونے کے لیے اہل اور رجسٹرڈ دونوں ہی ہے اور اسے نا اہل قرار نہیں دیا گیا ہے : اور

(ii) متعلقہ ضمنی حلقوں سے اس کی نمایاں ہم آہنگی ہے۔

- اگر نامزد کردہ افراد کی تعداد نامزد ادارے کو مختص کی جانے والی نشستوں کی تعداد سے زیادہ ہو تو ، نامزد ادارہ اس بات کی نشاندہی کرے گا کہ مختص کردہ نمبر کو بھرنے یا خلاء کو پر کرتے وقت کس نامزد شخص کو ترجیح دی جائے ،اگر ایک سے زیادہ افراد کی ترجیحی بنیادوں پر درجہ بندی کریں۔ اگر نامزد ادارہ اس بات کی نشاندہی نہیں کرتا ہے کہ کس امیدوار کو ترجیح دینی ہے ، تو ریٹرننگ آفیسر ("RO") قرعہ اندازی کے ذریعہ ان امیدواروں کی ترجیح کا تعین کرے گا۔
- CERC اس بات کا تعین کرے گا کہ آیا نامزدگی کے فارم پر نشان دہی کی گئی ترجیح کے مطابق نامزد کیا گیا ہے یا RO کے قرعہ اندازی کے ذریعہ اس بات کا تعین کیا گیا ہے جب تک نامزد ادارے کو مختص کی جانے والی تمام نشستوں کو پُر نہ کیا جائے

- CERC کو امیدواروں کا اعلان کرنا چاہیے جو قواعد و ضوابط کے تحت مستند طور پر EC ممبران نامزد ہوئے ہیں

**نامزدگی کا انتظام**

- ہر امیدوار کو ہر ضمنی حلقہ سے پانچ کارپوریٹ یا انفرادی ووٹروں کے ذریعہ نامزد کیا جائے گا۔
- ہر کارپوریٹ یا انفرادی ووٹر صرف ان متعدد امیدواروں کو نامزد کرسکتا ہے جو متعلقہ ضمنی حلقوں میں منتخب ہونے والی نشستوں کی تعداد سے زیادہ نہ ہوں
- نامزدگی کی مدت: 6 سے12 اگست 2021
- نامزدگی کے فارم اندراج اور انتخابی دفتر ("REO") کی ویب سائٹ (www.reo.gov.hk) سے ڈاؤن لوڈ کیےجاسکتے ہیں یا مندرجہ زیل دفاتر سے مفت لیے جاسکتے ہیں:

  - ضلعی دفاتر؛
  - ریٹرننگ افسران کا دفتر؛ یا
  - REO کے دفاتر

(10/F, Harbour Centre, 25 Harbour Road, Wan Chai, Hong Kong یا Unit 2301-03, 23/F, Millennium City 6, 392 Kwun Tong Road, Kwun Tong, Kowloon)

**بطور امیدوار نامزد ہونے کی اہلیت**

- 18سال کا ہوگیا ہے ۔
- GC میں رجسٹرڈ ہے ۔ اور
- اس حلقے کے لیےبطور ووٹر رجسٹرڈ ہے (ہانگ یی کک ، علاقائی کمیٹی کے ممبران ، ضلعی انسداد جرم کمیٹیز ، اور ہانگ کانگ اور کولون یا نیو ٹریٹریری آتش زدگی سے حفاظت کی ضلعی کمیٹیز کےنمائندگان ، ہانگ کانگ کے متعلقہ قومی تنظیموں کے ضمنی حلقوں میں ممبران جہاں انفرادی رائے دہندگان ہیں) یا اس کی اس ضمنی حلقے سے خاطر خواہ نسبت ہے ۔

**پولنگ کا انتظام**

- پولنگ کا دن : 19 ستمبر 2021 (اتوار)
- پولنگ کے اوقات: صبح 9:00 بجے سے رات 6:00 بجے تک (سوائے تعزیری اداروں میں واقع مختص پولنگ اسٹیشنوں کے جہاں پولنگ کے اوقات صبح 9:00 بجے سے سے شام 4:00 بجے تک ہوں گے)
- ہر ضمنی حلقوں کے EC کے ارکان کا انتخاب خفیہ رائے شماری کے ذریعے کیا جائے گا۔

**ووٹ کہاں ڈالیں**

- ہر ووٹر یا مجاز نمائندے کو ووٹ ڈالنے کے لیے ایک مختص کردہ پولنگ اسٹیشن متعین کیا جائے گا
- پولنگ کے دن سے کم از کم 5 دن قبل ووٹنگ کارڈ جاری کیا جائے گا ، جس میں ووٹر یا مجاز نمائندے کے نامزد کردہ پولنگ اسٹیشن کے بارے میں معلومات دی جائے گی ۔
- پولنگ کے تمام اسٹیشن ان افراد کے لیے قابل رسائی ہیں جو وہیل چیئر استعمال کرنے والے ہیں یا نقل و حرکت میں مشکلات کا سامنا کررہے ہیں۔
- زیر حراست انتخاب کنندہ کو مناسب طور پر تعزیراتی اداروں یا تھانوں میں مختص کردہ پولنگ اسٹیشنوں پر ووٹ ڈالنے کا اہتمام کیا جائے گا۔
- اگر انتخاب کنندہ کو ووٹ ڈالنے سے متعلق معلومات کی ترجمانی کرنے میں مدد کی ضرورت ہو تو ، وہ 6 سے 10ستمبر 2021 ، اور 13 سے 19 ستمبر 2021 تک درج ذیل ہاٹ لائن کے ذریعہ نسلی اقلیتوں کے مرکز ("CHEER") کو کال کرسکتے ہیں۔

| زبان | ہاٹ لائن نمبر |
|---|---|
| بهاسا انڈونیشیا | 3755 6811 |
| ہندی | 3755 6877 |
| نیپالی | 3755 6822 |
| پنجابی | 3755 6844 |
| تگا لوگ | 3755 6855 |
| تھائی | 3755 6866 |

| | |
|---|---|
| 3755 6833 | اردو |
| 3755 6888 | ویتنامی |

**ووٹ کیسے دیں**

- اپنے مختص کردہ پولنگ اسٹیشن پر 19 ستمبر 2021 (اتوار) کو پولنگ کے اوقات کے دوران (صبح 9:00 بجے سے رات 6:00 بجے تک) (براہ کرم تفصیلات کے لیے" بیلٹ پیپر لینے کے لیے درکار دستاویز( دستاویزات) "کا سیکشن ملاحظہ کریں) اپنا ہانگ کانگ شناختی کارڈ ("HKID") یا دیگر مخصوص دستاویز (دستاویزات) لائیں اور پولنگ اسٹیشن کے اندر پولنگ عملہ کودیں ۔ پولنگ عملہ آپ کے HKID کارڈ کو اسکین کرنے کے لیے الیکٹرانک پول رجسٹر ("EPR") سسٹم کے لیے ٹیبلٹ استعمال کرے گا تاکہ تصدیق کی جائےکہ آپ متعلقہ ضمنی حلقہ کے ووٹر یا مجاز نمائندے ہیں اور بیلٹ پیپر کا نمبر اور قسم (اقسام) جس کے آپ حقدار ہیں ۔ تصدیق کے بعد ، پولنگ عملہ بیلٹ پیپر (پیپرز) آپ کو دے گا اور EPR سسٹم آپ کے بیلٹ پیپر کے اجراء کو ریکارڈ کرے گا۔
- بیلٹ پیپر(ز) لینے کے بعد ، ووٹر یا مجاز نمائندے کو پولنگ عملہ کی دی گئی ہدایات اور بیلٹ پیپر(ز) پر اور کمپارٹمنٹ کے اندر موجود نوٹس پر چھپی ہوئی ہدایات پر عمل کرنا چاہیے ۔ ووٹر یا مجاز نمائندے کو ووٹنگ کمپارٹمنٹ کے اندر بیلٹ پیپر کو نشان زد کرنا چاہیے ۔خلاصہ ، براہ مہربانی:
  - اپنی پسند کے امیدواروں کے ناموں کے مقابل بیضوی شکل کو فراہم کردہ قلم سے بھریں؛
  - متعلقہ حلقوں میں نشستوں کی مقررہ تعداد سے زیادہ ووٹ نہ دیں (یہ تعداد بیلٹ پیپر پر دکھائی جائے گی)؛ اور
  - نشان زد بیلٹ پیپر کو پولنگ اسٹیشن پر فراہم کردہ لفافے میں ڈالیں، اور لفافے پر تیر کے ذریعہ ہدایت کے مطابق بیلٹ پیپر پر مشتمل لفافے کو بیلٹ باکس میں ڈال دیں۔
- ہر ووٹر یا مجاز نمائندے کو علیحدہ ووٹنگ کمپارٹمنٹ فراہم کیا جائے گا۔ ووٹ ڈالنے کی خود مختاری اور ووٹوں کی رازداری کے اصولوں کی بنیاد پر قانون کے تحت کسی کو بھی (چاہے وہ ووٹر کا رشتہ دار یا دوست ہی کیوں نہ ہو) ووٹر کے ساتھ جانا یا اس کی ووٹ ڈالنے میں مدد کرنا ممنوع ہے ۔
- ووٹر یا مجاز نمائندے جو اپنے طور پر ووٹ ڈالنے سے قاصر ہیں، قانون کے مطابق پریذائیڈنگ آفیسر ("PRO") یا PRO کے نائب سے مدد لے سکتے ہیں تاکہ وہ اپنی ووٹنگ کے انتخاب کے مطابق ان کی طرف سے بیلٹ پیپرز کو نشان زد کر سکیں۔ اس سارےعمل کا مشاہدہ ایک اور پولنگ عملہ کرے گا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ووٹنگ منصفانہ طریقے سے کی جائے ۔
- اگر کوئی ووٹر یا مجاز نمائندہ بیلٹ پیپر کو نشان زد کرنے میں غلطی کرتا ہے یا نادانستہ طور پر بیلٹ پیپر خراب کر چکا ہے تو وہ بیلٹ پیپرPRO کو واپس کر سکتا ہے اور متبادل طلب کرسکتا ہے ۔

**بیلٹ پیپرجمع لینے کے لیے ضروری دستاویز(دستاویزات)**

- مروجہ قانون سازی کے تحت بیلٹ پیپر کے لیے درخواست دینے والا ووٹر یا مجاز نمائندہ اپنے HKID کارڈ کی اصل یا مندرجہ ذیل مخصوص متبادل دستاویز پیش کرے:
  - ایک درست HKSAR پاسپورٹ کی اصل؛ یا
  - استثٰی کے سرٹیفکیٹ کی اصل؛ یا
  - HKIDکارڈ کے لیے درخواست کی تصدیق کی اصل؛ یا

- ایک شخص کی درست ملاح کی شناختی کتاب کی اصل؛ یا
- ویزا کے مقاصد کے لیے ایك شخص کی شناخت کے درست دستاویز کی اصل؛ یا
- ایك شخص کےHKID کارڈ یا استثنٰی سرٹیفکیٹ کی گمشدگی یا مسخ ہونے کے بارے میں پولیس افسر کو کی گئی رپورٹ کے ثبوت کی دستاویز ؛ یا HKID کارڈ کے لیے درخواست کی تصدیق (جسے عام طور پر "گم شدہ پراپرٹی کی میمو" کہا جاتا ہے)، ایک درست اصل *پاسپورٹ یا مماثل سفری دستاویز (مثلاً HKSAR پاسپورٹ کے علاوہ پاسپورٹ یا گھر کی واپسی کا اجازت نامہ) جس پر شخص کا نام اور تصویر لگی ہو

*برطانوی شہری (بیرون ملک) پاسپورٹ ایک درست سفری دستاویز اور شناخت کا ثبوت نہیں ہے ۔

- تفصیلات کے لیے ، براہ کرم کمشن برائے انتخابی امور (ووٹنگ کے طریقہ کار) (الیکشن کمیٹی) ضابطہ (شق 541I )کا سیکشن 50 ملاحظہ کریں۔

## <u>ضرورت مند ووٹروں کے لیے خصوصی قطار</u>

- صرف ووٹرز اور مجاز نمائندوں کو پولنگ اسٹیشن میں داخلے کی اجازت ہے ۔
- "منصفانہ اور مساوی سلوک" کے اصول کے تحت ووٹرز اور مجاز نمائندوں کو ووٹ ڈالنے کے لیے قطار میں کھڑا ہونا چاہیے ۔ ووٹرز اور مجاز نمائندے جن کو پولنگ اسٹیشن میں داخل ہونے کے لیے دوسروں سے مدد لینے کی ضرورت ہو تو وہ PRO سے درخواست کرسکتے ہیں۔
- اگر PRO مطمئن ہے کہ ووٹ ڈالنے کے لیے پولنگ اسٹیشن پہنچنے والا یا موجود شخص مندرجہ ذیل تفصیل کے زمرے میں آتا ہے تو PRO اس شخص کو فوری طور پرمقررہ علاقے یا قطار کے اختتام پر جانے کی ہدایت کر سکتا ہے اگر قطاراس علاقے سے بڑھی ہوئی ہے، بیلٹ پیپر کے لیے درخواست دے سکتا ہے ۔
    - جس کی عمر 70 سال سے کم نہیں ہے*؛
    - جو حاملہ ہے ۔ یا
    - جو زیادہ دیر تک قطار میں کھڑے رہنے کے قابل نہیں ہے یا بیماری، چوٹ، معذوری یا نقل و حرکت کے آلات پر انحصار کی وجہ سے قطار میں کھڑے ہونے میں دشواری کا شکارہیں ۔

*بشمول مندرجہ ذیل شخص –
- جس کی دستاویز میں اس شخص کی پیدائش کے مہینے اور دن کے بغیر پیدائش کا سال دکھایا گیا ہے جو اس سال سے 70 سال پہلے ہے جس کے اندر پولنگ کا دن آتا ہے؛ یا
- جس کی دستاویز سے پتہ چلتا ہے کہ پیدائش کے دن کے بغیر اس شخص کی پیدائش کا سال جو اس سال سے 70 سال پہلے ہے جس کے اندر پولنگ کا دن آتا ہے اور اس شخص کی پیدائش کا مہینہ جو اس مہینے کے برابر ہوتا ہے جس کے اندر پولنگ کا دن آتا ہے ۔

- PRO مذکورہ ووٹرز یا مجاز نمائندوں کے لیے پولنگ اسٹیشن کے اندر بیٹھنے کی جگہ مختص کرے گا، اگر وہ چاہیں تو آرام سکتے ہیں ۔ آرام کرنے کے بعد، وہ بیلٹ پیپر جاری کرنے والے ڈیسک کی طرف جانے سے پہلے خصوصی قطار میں کھڑے ہو سکتے ہیں۔
- ووٹ ڈالنے کی خود مختاری اور ووٹوں کی رازداری کے اصولوں کی بنیاد پر یہ قانون کسی کو بھی (چاہے وہ ووٹر کا رشتہ دار یا دوست ہی کیوں نہ ہو) ووٹر یا مجاز نمائندے کے ساتھ جانے یا اس کی مدد کرنے سے منع کرتا ہے کہ اس کا ووٹ ڈالے ۔ ایک ووٹر یا مجا ز نمائندہ جسے بیلٹ پیپر کو نشان زد کرنے میں دشواری ہوتی ہے، قانون کے مطابق بطور گواہ ایک پولنگ عملے کی موجودگی میں PRO یا PRO کے نائب سے کہہ سکتا ہے کہ اس کی ووٹنگ ترجیح کے مطابق بیلٹ پیپر کو اس کی طرف سے نشان زد کرے ۔ PRO کو اجازت دی گئی ہے کہ وہ

جہاں مناسب ہو صوابدید استعمال کرے تاکہ ساتھ آنے والے افراد کو ان ووٹرز کے ساتھ مل کر خصوصی قطار استعمال کرنے کی اجازت دی جائے جن کو دوسروں کے ساتھ جانے کی واقعی ضرورت ہے

**ووٹرز / مجاز نمائندوں کے لیے چیک لسٹ**

- بدعنوانی کے خلاف آزاد کمیشن ("ICAC") کے ذریعہ نافذ کردہ انتخابات (کرپٹ اور غیر قانونی طرز عمل) آرڈیننس (شق 554) کے مطابق ایک ووٹر یا مجاز نمائندے کو ہانگ کانگ کے اندر یا کسی اور جگہ مندرجہ ذیل کام نہیں کرنا چاہیے:
  - o کسی بھی شخص سے کسی انتخاب میں ووٹ نہ دینے یا کسی مخصوص امیدوار یا مخصوص امیدواروں کو ووٹ دینے یا ووٹ نہ دینے پر کسی بھی شخص سے کوئی فائدہ (بشمول پیسہ، تحفہ وغیرہ) مانگتا یا قبول کرتا ہے -
  - o کسی بھی شخص کو کوئی فائدہ (بشمول پیسہ، تحفہ وغیرہ)، کھانا ، پینا یا ضیافت کسی بھی شخص کو لالچ کے طور پر پیش کرتا ہے یا بعد میں کسی انتخابات میں ووٹ نہ دینے یا کسی خاص امیدوار یا مخصوص امیدواروں کو ووٹ دینے یا ووٹ نہ دینے کا انعام دیتا ہے -
  - o کسی بھی شخص کے خلاف طاقت کا استعمال یا دھمکی دینے کے لیے کہ وہ کسی انتخابات میں ووٹ دینے یا نہ دینے یا کسی خاص امیدوار یا مخصوص امیدواروں کو ووٹ دینے یا ووٹ نہ دینے کے لیے اکساتا ہے -
  - o دھوکہ دہی سے کسی بھی شخص کو ووٹ دینے یا کسی خاص امیدوار یا مخصوص امیدواروں کو ووٹ نہ دینے یا انتخابات میں ووٹ نہ دینے پر اکساتا ہے -
  - o کسی دوسرے شخص کوجان بوجھ کر انتخابات میں ووٹ ڈالنے میں رکاوٹ ڈالتا ہے اور روکتا ہے -
  - o کسی دوسرے شخص کو انتخابی مدت کے دوران عوام میں کسی بھی سرگرمی کے ذریعہ کو ووٹ دینے یا ووٹ نہ دینے یا ناجائز ووٹ ڈالنے پر اکساتا ہے -
  - o انتخابات میں ووٹ ڈالنا یہ جانتے ہوئے کہ آپ ایسا کرنے کے حقدار نہیں ہیں۔
  - o کسی انتخابی افسر کو جان بوجھ کر یا لاپرواہی سے جھوٹی یا گمراہ کن معلومات (جیسے غلط بنیادی رہائشی پتہ ) دینے کے بعد انتخابات میں ووٹ ڈالتے ہیں۔
- پولنگ اسٹیشنوں میں مندرجہ ذیل اقدامات بھی ممنوع ہیں:
  - o دیگر ووٹرز اور مجاز نمائندوں سے بات چیت کرنا بشمول بیلٹ پیپر پر اپنا ووٹ دوسروں کو دکھانا یا موبائل ٹیلی فون یا الیکٹرانک بات چت کے لیے کوئی اور آلہ استعمال کرنا۔
  - o فلم بندی، تصاویر لینا یا کوئی آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ کرنا۔
  - o دوسرے ووٹرز اور مجاز نمائندوں سے اپنے بیلٹ پیپر کو نشان زد کرنے کے لیے کہنا - ضرورت پڑنے پر، آپ قانون کے مطابق PRO سے درخواست کرسکتے ہیں کہ وہ پولنگ افسر کی موجودگی میں آپ کے بیلٹ پیپر کو نشان زد کرے -
  - o دوسرے ووٹرز یا مجاز نمائندوں کے ساتھ مداخلت کرنا جو اپنا ووٹ ڈال رہے ہیں۔
- ICAC نے متعلقہ معلومات فراہم کرنے کے لیے ایک کلین الیکشن ویب سائٹ قائم کی ہے (انگریزی اور چائینیزدونوں میں)- براہ کرم www.icac.org.hk/elections ملاحظہ کریں